7۔ معاویہ "حمایت یا جنگ وغیرہ کے لیے لوگوں کو بلا جمع کرنا "

8۔ معاویہ "کسی چیز کو موڑنا یا مروڑنا, خم دینا "

9۔ معاویہ "آواز دیکر پکارنا, بھیڑیا کا آواز نکالنا, کتے وغیرہ کع بھونکانا "

10۔ معاویہ "شیر کی آواز, للکار "

حوالہ جات: 1 (لسان العرب , جلد 15 ص 107 سے 112)

(القاموس الوحید , ص 1145 , منتهى الادب , تاج العروس)

لغوی تحقیق کے مطابق لفظ "**معاویہ**" کے مندرجہ بالا معانی ہی اخذ ہوتے ہیں اب اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں. تا کہ ایک لغوی معنی کی اصل سمجھ آجائے. اور دوسرا ہمارا مدعا "اسم معاویہ" کا حقیقی مفہوم بھی عوام الناس کے سامنے آسکے تا کہ وہ شیعت, رافضیت کے غلیظ اور غلط پروپیگنڈہ کا شکار نہ ہوسکیں. اور شیعہ, رافضیوں کی حضور صل اللہ علیہ وسلم کے پیارے صحابہ کرام علیہم الرضوان سے نفرت وعداوت کا مزید اندازہ بھی کر سکیں پہلے یہ ذہن نشین فرمالیں

عربی زبان بڑی وسیع زبان اور اس میں ایک چیز کے کئی نام و معنی ہیں اور پھر الفاظ وہ ہیں جن کا "مصدر" بھی ہوتا ہے. جس سے لفظ نکلتا ہے اور نکلنے والے لفظ کو مشتق کہتے ہیں. پھر اشتقاق شدہ جو الفاظ ہوں ان کے مختلف صیغے مختلف ابواب. مختلف حیثیتیں ہوتی ہیں. جن کی وجہ سے معانی و مفاہیم بدلتے رہتے ہیں چونکہ عام لوگوں کو لغت (

گرائمر) کے ان اصولوں اور پچیدگیوں کے بارے میں علم نہیں ہوتا تو ان کے سامنے جب کسی لفظ کا معنی یا مفہوم جو بھی بیان کردیا جائے تو وہ اس پر یقین کر لیتے ہیں یا ظاہری معنی مراد لیکر اسی پر اکتفا کر لیا جاتا ہے تحقیق نہیں کرتے کہ واقعی اس کا معنی بنتا بھی ہے کہ نہیں۔

حالانکہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی لفظ کا معنی عمومی طور پر مشہور کچھ ہوتا ہے اور حقیقتاً کچھ اور ہوتا ہے اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی لفظ کا ابتدائی معنی تو اچھا ہوتا ہے مگر الفاظ اور صیغہ یا ابواب کی ہیئت بدلنے سے معنی بھی عجیب اور بدل جاتا ہے جیسے "علی" علو سے ہے بمعنی بلندی کے جب کہ علوًا مصدر سے اس کے معنی "بلندی" کے بھی ہیں اور سرکشی، ظلم، اور زیادتی، غرور، کے بھی ہیں۔

(المعجم القرآن، ص 316)

اب کوئی بے وقوف یہ کہنا شروع کر دے کہ معاذاللہ "حضرت علی رضی اللہ عنہ" کے نام کے معنی سرکشی ظلم و غرور کے ہیں اور معاذاللہ وہ بھی ایسے تھے۔ (استغفراللہ) تو ہر صاحب عقل و ذی شعور یہ کہے گا کہ یہ یا جہالت ہے یا ضلالت ہے

اسی طرح لفظ "معاویہ رضی اللہ عنہ" کے معنی کی بھی تفصیلات ہیں

نجفی ملعون، شیعہ اور رافضیوں نے وہ معنی تو مشہور کر دیئے جن سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی اہانت، تحقیر محسوس ہوتی ہو۔ جو معانی شان و شوکت، قوت و سطوت والے ہیں جو کہ اسم با مسمیٰ کے طور پر بھی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لئے ثابت ہیں ان کا تذکرہ نہیں کرتے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا بددیانتی ہو سکتی ہے۔ پھر بات انسان کی ہو رہی ہو تو "معنی" اس کا خیال رکھ کر ہی مراد لیا جائے گا۔

(طالبِ دعا : ایڈمن دفاعِ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ)

نام "معاویہ" سے جلنے اور اعتراض کرنے والوں کے لیے "معاویہ" نام کی مسجد کا سن ڈوب مرنے کا بہترین موقعہ

قسط:54 حصہ دوازدھم (۱۲)

محترم قارئین کرام: مسجد اجابہ (مسجد بنو معاویہ) (مدینہ منورہ) اسے مسجد بنی معاویہ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ انصار کے ایک قبیلہ بنو معاویہ بن مالک بن عوف کے محلہ میں واقع ہے۔ اس کو "مسجد اجابہ" کہنے کی وجہ یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے اس میں تین دعائیں فرمائی تھیں۔ جو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائیں۔ اب یہ مسجد بقیع کی شمالی جانب 385 میٹر کے فاصلے پر شاہ فیصل روڈ (جسے "شارع ستین" بھی کہا جاتا ہے) کے مشرقی کنارے پر واقع ہے۔ مسجد نبوی کی دوسری توسیع سے اس کا فاصلہ 580 میٹر ہے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے وَعَنْ سَعْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَسْجِدِ بَنِي مُعَاوِيَةَ دَخَلَ فَرَكَعَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ وَصَلَّيْنَا مَعَهُ وَدَعَا رَبَّهُ طَوِيلاً ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ: «سَأَلْتُ رَبِّي ثَلَاثًا فَأَعْطَانِي ثِنْتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً سَأَلْتُ رَبِّي أَنْ لَا يُهْلِكَ أُمَّتِي بِالسَّنَةِ فَأَعْطَانِيهَا وَسَأَلْتُهُ أَنْ لَا يُهْلِكَ أُمَّتِي بِالْغَرَقِ فَأَعْطَانِيهَا وَسَأَلْتُهُ أَنْ لَا يَجْعَلَ بأسهم بينهم فَمَنَعَنِيهَا ۔

ترجمہ: حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجدِ بنی معاویہ پر گزرے اس میں تشریف لے گئے وہاں دو رکعتیں پڑھیں اور ہم نے حضور کے ساتھ نماز پڑھی حضور نے اپنے رب سے لمبی دعا مانگی پھر فارغ ہوئے تو فرمایا کہ میں نے اپنے رب سے تین چیزیں مانگیں اس نے مجھے دو عطا فرمادیں اور ایک سے منع فرمادیا میں نے اپنے رب سے یہ سوال کیا کہ میری امت کو قحط سے ہلاک نہ کرے اس نے مجھے یہ عطا فرمادیا، میں نے سوال کیا کہ میری امت کو ڈبو کر ہلاک نہ کرے اس نے مجھے یہ بھی عطا فرمادیا، میں نے اس سے یہ سوال کیا کہ ان کی آپس میں جنگ نہ ہو مجھے اس سوال سے منع فرمادیا۔

(صحیح مسلم، کتاب الفتن واشراط الساعۃ، حدیث نمبر: 2890، صفحہ 332، مطبوعہ دار الفکر بیروت)

(صحیح مسلم مترجم جلد نمبر صفحہ نمبر 392 ، 393 چشتی)

(شرح صحیح مسلم علامہ غلام رسول سعیدی رحمۃ اللہ علیہ ، ۷۵۹/۷)

دوسری روایت: عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ أَقْبَلَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَائِفَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَمَرَّ بِمَسْجِدِ بَنِي مُعَاوِيَةَ ۔

ترجمہ: عامر بن سعد نے اپنے والد (سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے خبر دی کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سلم کے ہمراہ صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین کی ایک جماعت کے ساتھ آئے اور آپ مسجدِ بنی معاویہ کے قریب سے گزرے۔

(صحیح مسلم، کتاب الفتن واشراط الساعۃ، حدیث نمبر: 2890، صفحہ 332، مطبوعہ دار الفکر بیروت)

حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے نام سے مساجد سے جلنے والے سنیوں کے لبادے میں چھپے رافضی کہتے ہیں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے نام سے مسجدیں بنانا کہاں جائز ہے؟

ان سے صرف اتنا کہونگا تمہارے والد، تمہارے پیر کے نام پر مسجد بنائی جائے جس کے بارے میں کوئی یقین کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ جنت میں ہے یا خمینی کے ساتھ۔ اگر ہے کوئی سنیوں کے لبادہ میں چھپا رافضی تو وہ میدان میں آئے اور قسم اٹھائے کہ وہ جنت میں ہے لیکن شرط یہ ہے کہ قسم ایسے اٹھائے جیسے میں کہوں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ قسم کھلانے والے کی نیت کے لحاظ سے قسم ہو گی۔

(شرح صحیح مسلم علاّمہ غلام رسول سعیدی رحمۃ اللہ علیہ۔ ٤/٥٨٣ چشتی)

اور امید ہے کہ ایسا کوئی غالی قسم کا رافضی بھی آپ کو نہیں ملے گا جو ایسی قسم اٹھائے لیکن الحمد للہ ہم مسلمانوں کے نزدیک حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جنت الفردوس میں ہیں اور ہمارا ایمان ہے کیونکہ وہ صحابی رسول ہیں۔ جہاں تک نیم رافضیوں کا یہ کہنا ہے کہ مسجدوں کے نام سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ رکھنا کہاں جائز ہے تو ان سنیوں کے لبادے میں چھپے رافضیوں کو کوئی بتائے کہ صحیح مسلم میں حدیثِ پاک موجود ہے۔

شاید اس میں کسی کو اشکال ہو کہ جی بنو معاویہ کے نام سے کوئی مسجد نہیں تھی۔ تو گزارش ہے کہ امام ابن العربی (متوفی۔ ۵۴۳) رحمۃ اللہ علیہ اپنا آنکھوں دیکھا حال بیان فرماتے ہیں کہ یہ مدینۃ السلام ہے جو کہ خلافت بنی عباس کا دارالخلافہ ہے۔ بنو عباس اور بنو امیہ کے درمیان جو دشمنی رہی ہے وہ لوگوں پر قطعاً مخفی نہیں۔ مگر اس کے باوجود بنی عباس بغداد کی مساجد کے دروازوں پر واضح الفاظ میں لکھا ہوا ہے۔ خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔ ابوبکر۔ ثم عمر۔ ثم عثمان۔ ثم علی۔ ثم معاویۃ خال المومنین رضی اللہ عنہم اجمعین۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کے ظاہری وصال مبارک بعد دنیاجہاں کے تمام لوگوں میں افضل اور بہتر سیدنا ابوبکر پھر سیدنا عمر پھر سیدنا عثمان پھر سیدنا مولی علی اور پھر تمام اہل ایمان مسلمانوں کے ماموں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنھم اجمعین ہیں۔

(العواصم من القواصم۔۲۱۳ طبع المكتبة السلفية القاهرة)

یہ سنیوں کے لبادے میں چھپے رافضی کہتے ہیں: جی ان کی (سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) شانوں پر ترانے اور قصیدے پڑھے خدا کے لیے ہمیں بتادو تیرہ سو سال میں ہم نے یہ عقیدہ اپنی زندگی میں نہیں دیکھا۔

جواب : امام الاجری رحمة اللہ علیہ (المتوفی ۳۶۰) نے الشریعة۔۵۵۸/۳ . میں

امام ابن عساکر رحمة اللہ علیہ (المتوفی ۵۷۱) نے تاریخ دمشق ۵۵/۵۹ پر ۔

(.امام جوزقانی رحمة اللہ علیہ (المتوفی ۵۴۳) نے الاباطیل والمناکیر . ۱۷۹

پر فضائل بیان کیے ہیں تو کیا یہ محدثین سنیوں کے لبادے میں چھپے رافضیوں کے کلاس فیلو تھے جو ان اندھوں کو نظر نہیں آئے ان کی کتب میں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل۔

اے سنیوں کے لبادے میں چھپے رافضیو تم مسجدِ معاویہ بنانے کی بات کرتے ہو؟؟؟ ارے میرے نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم نے تو مسجدِ معاویہ میں نماز بھی ادافرمائی ہے۔

شارح بخاری امام ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمہ روایت نقل کرتے ہیں: عن ابن عمر رضی اللہ عنہ اَنّ النّبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم: صلّي في مسجد بـنى معاو يـة

ترجمہ: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّمنے مسجدِ بنو معاویہ میں نماز ادافرمائی

(فتح الباری شرح صحیح بخاری، کتاب الصلوٰۃ، باب نمبر : 89، جلد 4، صفحہ 403، مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، چشتی)

کیا فتویٰ لگاؤ گے سنیوں کے لبادے میں چھپے رافضیو ان صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم پر جنہوں نے مسجدِ بنو معاویہ بنائی ؟

اور پھر حضرت عبد اللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما نے خود اپنی زبان سے مسجد کا نام بنو معاویہ بتایا- اور کیا فتویٰ لگاؤ گے نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم پر کہ جنہوں نے مسجدِ بنو معاویہ میں نماز ادا فرمائی اور دعا کی ؟

اور نیم رافضی کہتے ہیں کہ 1400 کی تاریخ میں کس "ولی بزرگ" نے مسجدِ معاویہ بنائی ؟ ارے جاھلو بتاؤ کیا صحابہ کرام علیھم الرضوان سے بھی بڑا کوئی "ولی بزرگ" ہو سکتا ہے ؟

تو دیکھ لو وہ ولی بزرگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہی تھے جنہوں نے مسجد بنو معاویہ بنائی.... کوئی "عبد اللہ ابنِ سبا" یا "ابو لؤلؤ فیروز" تو بنانے سے رہے۔ اگر کوئی رافضی چمچا اعتراض کرے کہ یہ مسجد "معاویہ بن ابو سفیان" کے نام پر نہیں تھی بلکہ یہ تو قبیلے کے نام پر تھی.... ؟

تو جناب چلو بنو معاویہ قبیلے کے نام پر تھی۔ مگر مسجدِ معاویہ میں "عالمِ ماکان و مایکون" (جو ہو چکا ہے اور جو قیامت تک ہو گا) کی خبر رکھنے والے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم نے نماز ادا فرمائی تو کیا وہ نہیں جانتے تھے کہ میرے وصالِ ظاھری کے بعد امیرِ معاویہ رضی اللہ عنہ کے مولا علی شیرِ خدا مشکل کُشا خیبر شکن رضی اللہ عنہ کے ساتھ معاملات ہونگے ؟

لہذا مسجد کا نام بدل دیا جائے تاکہ کوئی "اس مسجدِ معاویہ" کو دلیل بنا کر "مسجدِ معاویہ" بنانا ہی شروع نہ کر دے۔ لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کا مسجدِ معاویہ میں نماز ادا فرمانا اس بات کی دلیل ہے کہ غیب داں نبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کو تو مسجدِ معاویہ کے نام سے کوئی اعتراض نہیں تھا۔

لیکن آج کا امتی اُٹھ کر ماتم شروع کر دے کہ ہائے ہائے "امیرِ معاویہ" کے نام پر مسجد کیوں بناتے ہو۔

اس سے ان جاہلوں کا اعتراض بھی رفع ہو گیا جو "معاویہ" نام کا معنٰی بگاڑتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کے نزدیک اگر معاویہ نام کا معنی غلط ہوتا تو ضرور نام بدلتے کیونکہ جب کسی صحابی یا صحابیہ کے نام کا معنی درست نہ ہوتا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم فوراً بدل دیتے اور یہ روایات سے ثابت شدہ امر ہے۔

معاویہ رات کے آخری پہر میں آسمان پر چمکنے والے ستارے کا نام ہے جس کے طلوع ہونے پر کتے بھونکنا شروع کر دیتے ہیں۔

(لسان العرب جلد 15، صفحہ 10، مطبوعہ بیروت)

اب سنیوں کے لبادے میں چھپے رافضیوں کا ان صحابہ رضی اللہ عنہم پر بھی فتویٰ لگے گا جنھوں نے مسجدِ بنو معاویہ بنائی ۔ اور اس میں نمازیں پڑھیں۔ حضرت عبد اللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما بھی اعتراض کی زد میں آئیں گے جو "مسجدِ بنو معاویہ" کا نام لیکر حدیث بیان کر رہے ہیں۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم پر بھی حرف آئے گا کیونکہ انہوں نے مسجدِ بنو معاویہ میں نماز ادا کی اور اور لمبی دعائیں مانگیں۔

ارے سنیوں کے لبادے میں چھپے "خمینی" کے پیروکار رافضیو جب صاحبِ شریعت نبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کو مسجدِ بنو معاویہ کے نام سے اعتراض نہیں تو دو ٹکے کے نیم رافضی کون ہوتے ہیں اعتراض کرنے والے ؟۔

****

(طالبِ دعا و دعا گو : ڈاکٹر فیض احمد چشتی)

لفظ "معاویہ" کا معنیٰ اور علامہ تفتازانی کی کتاب "مختصر المعانی" کی عبارت کی توضیح

قسط:55 حصہ سیزدھم (۱۳)

معاویہ "کے نام پر اعتراض "

اعتراض: تم تو معاویہ کی بڑی شان بیان کر رہے ہو حالانکہ معاویہ نام ہی ایسا ہے جو حقارت پر دلالت کر رہا ہے.

آیئے علامہ تفتازانی کی کتاب "مختصر المعانی" کو دیکھیں, آپ رقمطراز ہیں

" او تعظیم او اہانۃ کمافی الالقاب الصالحۃ لذ لک مثل علی و ھرب معاویۃ "

علم (نام) کبھی تعظیم اور اہانت (توہین) پر دلالت کرتا ہے, جیسے کہا جائے "علی" سوار ہوا اور "معاویہ" بھاگ گیا

(مختصر المعانی , ص 71) .

اسی مثال سے علامہ تفتازانی نے صاحب " تلخیص المفتاح " کے قول "او تعظیم او أہانۃ" کی وضاحت کی ہے کہ لفظ " علی" مشتق ہے "علو" سے جو عظمت پر دلالت کر رہا ہے جس کا نام ہی حقارت پر دلالت کرے وہ ذیشان کیسے ہو سکتا ہے ؟

: جواب

"والمتبادر ان المراد بعلی و معاویۃ صاحبا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا یخفی ما فیہ من سواء الادب فی حق سیدنا معاویۃ رضی اللہ عنہ والجرأۃ علیہ بمالا یلیق بمنصبہ بل لو حملنا علی غیرھما لم یخل من سوء الادب لما فیہ من الایھام لذا فی دسوقی و تجرید مختصر المعانی" کی مشہور شروح "تجرید" اور "دسوقی" نے علامہ تفتازانی کے اس قول پر گرفت فرمائی ہے اس لئے کہ بظاہر یہی معلوم ہو رہا ہے کہ "علی" اور "معاویہ" سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں. یہ کوئی مخفی بات نہیں یعنی بہت واضح روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ اس میں حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں بے ادبی اور گستاخی پائی جاتی ہے. (دسوقی, تجرید)

علامہ تفتازانی کے منصب کے لائق یہ نہیں تھا کہ اس قسم کی مثال دیتا. اگر "علی" اور "معاویہ" سے مراد عام "علی" اور عام "معاویہ" ہو. یعنی صحابی مراد نہ بھی ہوں تو پھر بھی یہ مثال بے ادبی سے خالی نہیں کیونکہ ان ناموں کو دیکھ کر وہم ہوتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ناموں کی بھی یہی کیفیت ہے

علامہ تفتازانی علیہ الرحمہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق کیا کہتے ہیں

"ولیسوا کفارا ولا فسقۃ ولا ظلمۃ لما لھم من التاویل وان کان باطلا فغایۃ الأمر أنھم اخطأ وافی الاجتھاد وذالک لا یوجب التفسیق فضلا عن التکفیر ولھذا منع علی رضی اللہ عنہ اصحابہ من لعن اھل الشام وقال اخواننا بغو علینا "

"(حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کی جماعت کے لوگ) نہ کافر تھے اور نہ ہی فاسق تھے اور نہ ظالم تھے, اسلئے کہ ان کے پاس کوئی نہ کوئی تاویل (یعنی کوئی نہ کوئی وجہ) تھی اگرچہ ان کی تاویل باطل تھی لیکن زیادہ سے زیادہ یہ

ہے کہ ان کی اجتہادی خطا تھی اجتہادی خطاء (پر ثواب ہوتا ہے) سے فسق بھی لازم نہیں آتا چہ جائیکہ کفر لازم آئے اس وجہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے اصحاب کو اہل شام پر لعنت کرنے سے منع فرمادیا تھا کہ وہ ہمارے بھائی ہی تو ہیں جنہوں نے ہم پر زیادتی کر دی

(شرح مقاصد , المبحث السابع اتفق اهل الحق علی وجوب تعظیم الصحابہ , ص 305)

آئیے! ذرا لغات کو دیکھئے

عوی "الكلب والذئب وابن آوى. کتے کا بھونکنا، بھیڑئیے کا چنگھاڑنا ابن آوی (بھیڑئیے سے چھوٹا درندہ) کا " چنگھاڑنا

صحابی رسول صل اللہ علیہ وسلم کے اسم گرامی کو تم صرف "عوی الکلب" سے ماخوذ کر کے کیوں مراد لے رہے ہو؟ کیا تمہیں (عوی الذئب یا عوی ابن آوی یا عوی السبع) نظر نہیں آتا؟ جن میں بہادری کا معنی پایا گیا ہے

کیا بھیڑئیے کی چنگاڑ میں، کیا درندے کی چنگاڑ میں، کیا شیر کی گرج میں بہادری ہے یا نہیں. ہاں! ہاں! "معاویہ" کا معنی بہادر بھی ہے، "معاویہ" کا معنی کمزور بھی ہے

دونوں معانی کو بیک وقت اعتبار کریں تو "اشدآء على الكفار رحمآء بينهم" کی تفسیر نظر آئے گی

جب "عوی" کا معنی باز رکھنا لیا جائے, تو اب مطلب ہو گا کہ "معاویہ" اسے کہا جاتا ہے جو اپنے اجتہاد سے کسی کو غلطی پر دیکھے تو اسے باز رکھنے میں سر دھڑ کی بازی لگا دے. یہ علیحدہ بات ہے کہ اجتہادی خطا ہی کیوں نہ ہو اس پر ثواب تو ہے گناہ نہیں, گرفت نہیں

کیا اہل لسان نے بغیر سوچے سمجھے یوں ہی نام رکھ دیئے ؟ نہیں بلکہ وہ معانی سے باخبر تھے لغت اور گرائمر کے محتاج نہیں. عجمی حضرات عربی سیکھتے ہیں گرائمر پڑھتے ہیں لغات دیکھتے ہیں تو پھر کچھ بات سمجھتے ہیں ان کا عرب لوگوں پر عربی میں زیادہ ماہر ہونے کا کیا مطلب ؟

آیئے چند نام دیکھئے

" **عفان** " اگر یہ "عفن" سے لیں تو اس کا معنی ہو گا "بدبودار" اور معنی ہو گا "خراب, بردبار "

اور اگر "عفو" سے لیں اور الف و نون زائد تان مانیں تو معنی ہو گا "معاف کرنے والا" کیا کوئی شخص تمام "عفان" نامی لوگوں کو "بدبودار یا خراب" ہونے والا معنی دے گا؟ یہ عقل و دانش سے دوری کی بات ہے .

عتبان

عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ "بدری صحابی ہیں. ان کی شان کے مطابق معنی یہ ہو گا: "کسی کی غلطی سرزنش کرنا, " خفگی کرنا" یا معنی یہ ہو گا" کسی کو غلطی پر ملامت کرنا

لیکن یہ معانی صحابی کی شان کے لائق نہیں: "ایک پاؤں پر کودنا, تین ٹانگوں پر چلنا, لنگڑا ہونا, ایک دوسرے سے ناز سے گفتگو کرا, چوکھٹ کو پھلانگ جانا, چوکھٹ پر چمٹے رہنا

عابس بن ربیعہ

صحابی ہیں ان کی شان کے مطابق صحیح معنی یہ ہوگا: "ترش رو ہونا" یعنی آپ رضی اللہ عنہ کافروں کے ساتھ ترش روئی سے درپیش آتے، کافر سے بات کرتے تو چیں بہ جبیں ہو کر بات کرتے

لیکن صحابی کی شان کے لائق یہ معانی نہیں: اونٹ کی دم پر مینگنی کا خشک ہو جانا، میلا ہونا" وغیرہ

ماعز بن مالک

صحابی ہیں ان کی شان کے مطابق معنی یہ ہوگا: "ماامعزرأیہ" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے "لیکن "ماعز" بکری کی کھال" کو بھی کہا جاتا ہے کیا کوئی شخص حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو بکرا یا بکری کی کھال کہے گا؟ عقل تمہاری کہاں چلی گئی؟

طارق

بن سوید صحابی ہیں، صحابی کی شان کے مطابق یہ معنی ہوگا: "خاموش ہونا، نیچے سر ڈال کر زمین کی طرف دیکھنا، سر جھکا کر چلنا، ہتھوڑا مارنا، یعنی بہادر ہونا، سخت گیر ہونا " .

لیکن صحابی کی شان کے لائق نہیں یہ معنی کرنا: "رات کو آنے والا چور کمزور، ٹیڑھی پنڈلی والا ہونا، تاریک ہونا، اوپر نیچے کپڑے پہننا

حمار

ایک صحابی کانام ہے,کیا کوئی شخص یہ کہے گا کہ صحابی کانام "حمار" تھا اسلئے وہ "معاذاللہ "گدھا تھا. نہیں !نہیں !یہ بالکل غلط ہے .ہاں !البتہ صحابی کی شان کے لائق دو معنی ہیں:"حمر الرجل "غصہ سے بھڑک اٹھا" یا "حمرۃ" سے لیں جس کا معنی ہے "سرخ

خديجه

رسول اللہ صل اللہ علیہ وسلم کی پہلی زوجہ اور نبی کریم صل اللہ علیہ وسلم کے بیٹے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ جو ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے بیٹے ہیں . ان کے علاوہ آپ کی تمام اولاد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا (کے بطن) سے ہی ہیں

خدج

ض,ن "خدوجا" چیز کا ناقص ہونا, گھٹیا ہونا. "خدرج صلاتہ "بعض ارکانِ نماز میں کمی کرنا. "خدجت الناقۃ" اونٹنی " کا ناتمام بچہ گرانا.

(المنجد)

آئیے !لغت کے اعتبار سے ان تمام معانی کو مدنظر رکھئے .پھر فیصلہ کیجئے کیا بظاہر لغت کے تمام معانی میں سے کسی ایک معنی کی وجہ سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو خدیجہ کہا جاسکتا ہے ؟

نہیں ! نہیں !یقیناً نہیں. کیا آپ کا نام بے معنی ہے کیا آپ کا نام کسی عجمی نے بغیر سوچے سمجھے رکھ دیا ہے. جب ایسا نہیں تو یہی کہا جائے گا کہ آپ کا نام عربیوں نے رکھا مرادی مطلب کو مد نظر رکھا کہ یہ بچی "عجز وانکساری" کی چلتی پھرتی تصویر ہو گی

سودہ

مومنوں کی ماں رسول اللہ صل اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ مطہرہ کا نام "حضرت سودہ رضی اللہ عنہا" ہے. کیا ان کا نام "ساد, یسود, سوادا (نصر, ینصر) سے لیا ہوا ہے جس کا معنی "سیاہ" ہے. کیا ان کا رنگ سیاہ تھا کیا وہ حبشیہ تھیں کہ ان کا نام ان کے گھر والوں نے "سودہ" رکھا تھا .

ایسا کوئی ثبوت نہیں ملتا تو یقیناً یہ کہنا پڑے گا کہ آپ رضی اللہ عنہا کا نام مندرجہ ذیل معانی کی وجہ سے رکھا گیا: "ساد, یسود, سیادۃ, سیودۃ سودا" (ن) "شریف ہونا بزرگ ہونا. (قومہ) "قوم کا سردار ہونا. شان و شرافت میں کسی پر غالب ہونا.
(المنجد)

(طالبِ دعا : ایڈمن دفاعِ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ)

فیضانِ نام "معاویہ" اور نام "معاویہ" پر اعتراض کرنے والے پچیس (25) راویوں کے گستاخ ہیں

قسط:56 حصہ چہارم دہم (۱۴)

احادیث کے راویوں میں پچیس (25) حضرات وہ جن کے اسماء گرامی "معاویہ" ہیں. ان میں تین صحابہ کرام ہیں کچھ تابعین ہیں اور کچھ جلیل القدر مشائخ حدیث ہیں۔

کیا ان تمام ناموں والے حضرات کے والدین عربی سے بے خبر تھے کیا سب کے نام اس لئے رکھے گئے تھے کہ یہ بڑے ہو کر تمہارے جیسے منہ پھٹے لوگوں کی بکواس سنیں. جنہیں جب اور کوئی اعتراض کرنے کو موقع نہیں ملتا تو وہ نام "معاویہ" کو لے لیتے ہیں. (معاذ اللہ) یا انہوں نے اس لئے نام رکھے تھے کہ یہ فصیح ہوں گے,بڑے خطیب ہوں گے,بڑے بہادر ہوں گے,کافروں پر سخت ہوں گے,اپنوں پر رحم دل ہوں گے

اور سوچنے کی بات ہے! کہ اتنے بڑے بڑے جلیل القدر مشائخ نے جب اپنے کئی استادوں سے پڑھا تو انہوں نے بھی اُن کو ان کے نام کی طرف "توجہ" نہ دلائی کہ اس نام کا معنی کیا بنتا ہے؟

آیئے! "معاویہ" نام والے راویوں کی تفصیل دیکھئے

1۔ معاویہ بن اسحاق بن طلحہ بن عبید اللہ التمیمی ابو الازہر کوفی (تابعی) ہیں

2۔ معاویہ بن جاہمہ سلمی (صحابی) ہیں

3۔ معاویہ بن خدیج بن جفنہ ان کی کنیت "ابو عبد الرحمن" زیادہ ان پر ابو نُعَیم "بضم النون وفتح العین" مصری گندی کا اطلاق ہوتا تھا, ان کی صحابیت میں اختلاف ہے. مفضل اور ابن حبان نے ان کو صحابی کہا ہے اور ابن اثرم اور حرب نے امام احمد علیہ الرحمہ سے نیان کیا کہ صحابی نہیں تھے. (واللہ اعلم)

4۔ معاویہ بن خدیج کوفی جعفی. (پہلے جن کا ذکر کیا وہ مصری, گندی ہیں)

5۔ معاویہ بن الحَکَم "بفتح الحاء والکاف" سلمی (صحابی ہیں)

6۔ معاویہ بن حکیم بن معاویہ النمیری, شامی

7۔ معاویہ بن حیدہ بن معاویہ بن قشیر, قشیری

8۔ معاویہ بن سبرۃ بن حصین السوائی العامری

9۔ معاویہ بن سعید بن شریح بن عروہ التجیبی, فہمی

10۔ معاویہ بن یحیی طرابلسی, ان کو معاویہ بن یزید کا نام لیا جاسکتا ہے

11۔ معاویہ بن ابی سفیان (حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) فتح مکہ کے دن بلکہ اس سے پہلے اسلام قبول کیا. ان کی روایات بغیر کسی واسطہ کے نبی کریم صل اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت ام المؤمنین حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا (جو آپ رضی اللہ عنہ کی بہن ہیں)

کے واسطہ سے بھی مروی ہیں. حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو ان کے بھائی یزید بن ابی سفیان کے بعد خلیفہ بنایا. وغیرہ

12۔ معاویہ بن سلمہ بن سلیمان نصری, ان کی کنیت ابو سلمہ تھی, دمشق میں بسیر اتھا, کوفی کہلاتے تھے

13۔ معاویہ بن سلام بن ابی سلام

14۔ معاویہ بن صالح بن حدیر بن سعید بن سعد بن فہر الحضرمی

15۔ معاویہ بن صالح بن الوزیر "ان کا نام معاویہ بن عبید اللہ بن یسار اشعری

16۔ معاویہ بن عبد الکریم ثقفی

17۔ معاویہ بن عمار بن ابی معاویہ الدہنی البجلی الکوفی

18۔ معاویہ بن عمرو بن المہلب بن عمرو بن وشبیب الازدی المعنی الکوفی ابو عمر البغدادی

20۔ معاویہ بن عمرو ابو المہلب الجرمی, ان کی کنیت ابو نوفل بن ابی عقرب

20۔ معاویہ بن غلاب, ان کی کنیت "ابن عمر"

21۔ معاویہ بن قرۃ بن اباس المزنی

22۔ معاویہ بن ابی مزود

23۔ معاویہ بن ہشام القصار الازدی

24۔ معاویہ بن یحیی صدفی

25۔ معاویہ بن یحیی دمشقی

(الماخوذ من تھذیب التھذیب لابن حجر العسقلانی)

(طالبِ دعا : ایڈمن دفاع سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ)

لفظ " معاویہ " کے معنیٰ پر اعتراضات کرنے والوں کے لیے لفظ " خمینی " کا پوسٹ مارٹم

قسط: 57 حصہ پانزدہم (۱۵)

اگر ناموں کا معنی کرنے کا شیعہ کو زیادہ ہی شوق ہے تو پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مقدس نام ہی کیوں ؟ شیعہ اپنے مزہب کا نام رافضی اور اپنے رہبر کا نام خمینی کا معنی کیوں نہیں کرتے. چلو ہم اس کا پوسٹ مارٹم کر دیتے ہیں

»»» (" اصل نام "روح اللہ موسوی) «««

خمینی کا ایک نام روح اللہ موسوی ہے. اور خمینی وطنی نسبت سے نام پڑ گیا. کیونکہ " خمن "ایران میں ایک جگہ کا نام ہے. اور اصل نام سے زیادہ " خمینی نام مشہور ہے. اور لکھا بولا جاتا ہے

اب غور فرمائیں کہ روح اللہ موسوی نام " خمینی "کا کس نے اور کیوں رکھا؟ اس کے کیا معنی ہیں اور کیا یہ نام " خمینی "پرفٹ آسکتا ہے. اسم با مسمی ہوسکتا ہے کہ نہیں روح اللہ کا معنی بنتا ہے کہ "اللہ کی روح "اور قرآن پاک میں " بِرُوْحِ الْقُدُسِ "حضرت جبرائیل علیہ السلام کے لیے استعمال ہوا ہے. ان کے لیے ہی مخصوص ہے. بمعنی " طہارت "اور "لطیف "کے. کیونکہ حضرت جبرائیل علیہ السلام گناہوں سے ظاہری و باطنی ہر قسم کی نجاست سے پاک

ہیں. اور "لطیف" بھی ہیں کہ ان کا وجود تو ہے مگر محسوس نہیں ہوتا. یا پھر "روح" حضرت جبرائیل علیہ السلام کو وحی کی وجہ سے کہا گیا کہ وہ "روح" بمعنی دلوں کی زندگی کا سبب بنتی ہے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن جبیر علیہ الرحمہ کے قول کے مطابق "روح القدس" اسم اعظم ہے جس کا حضرت عیسی علیہ السلام مردوں کو زندہ کرتے تھے. بعض نے "روح" سے مراد "انجیل" بھی لی ہے. اور قرآن پاک کو بھی "روح" کہا گیا ہے. "وکذا لک اوحینا الیک روحا" یعنی "روح" کا معنی لطیف, طہارت, زندگانی, حضرت جبرائیل علیہ السلام قرآن پاک یا "انجیل" کا نام یا اسم اعظم ہے

1۔ اب اگر "روح" کا لفظی معنی "لطیف" مراد لیتے ہوئے "خمینی" کے نام کا معنی کرتے ہیں تو معنی یہ بنتا ہے کہ "روح" ایک لطیف چیز کو کہا جاتا ہے کہ جس کا وجود تو ہے مگر نظر نہیں آتی. جب کہ "خمینی" لطیف نہیں بلکہ دنیائے کفر میں سب سے زیادہ نمایاں نظر آتا ہے

3۔ اگر شیعہ "روح" سے مراد طہارت کا معنی لیتے ہیں تو "خمینی" کے ظاہر و باطن میں طہارت نام کی کوئی چیز نہیں تھی. کیونکہ وہ اپنے عقیدہ اور اور نظریہ کے اعتبار سے اسلامی احکام کے مطابق کافر تھا اور مشرک بھی تھا اور کافر اور مشرک لاکھ بار غسل کرے گنگا میں نہائے یا کوثر و تسنیم سے دھل کر آئے پھر بھی وہ نجس ہے

قرآن مجید میں اللہ تعالی نے خود فرمایا: "انما المشرکون نجس" یعنی کافر اور مشرک ایسا پلید ہوتا ہے سوائے توبۃ النصوح کے کسی چیز سے پاک نہیں ہوسکتا "خمینی" چونکہ مر چکا ہے بغیر توبہ کے اب اس کے لیے پاکی کی کوئی صورت نہیں. اس لیے جو سراپا نجس ہے اس کو اللہ کی طرف منسوب کر کے اللہ کی "روح" کہنا (روح اللہ) کہنا انتہائی شرمناک ہے

3۔ روح" بمعنی زندگی ہے. یہ معنی بھی " خمینی " کے لیے مناسب نہیں اس لئے کہ " خمینی " اپنے سفاکانہ کردار " کی وجہ سے انسان کے لیے زندگی نہیں بلکہ درندگی کا نمونہ تھا. مسلمانوں کے لیے بھی اور اپنی ذریت کے لیے بھی . جیساکہ ایران کے مسلمانوں کو کتے بلی کا گوشت کھانے پر مجبور کیا. ایسے شخص کو زندگی کہنا کہاں کا انصاف ہے. ویسے بھی " خمینی " کی موت دنیائے کفر کی موت تھی

4۔ اگر " روح اللہ " کا اسم اعظم ہے تو " اسم اعظم " جیسے مقدس معتبر الفاظ کو کسی ایسے شخص پر چسپاں کرنا جو کسی اعتبار سے اس کا مصداق و مستحق نہ بنتا ہو, سراسر زیادتی ہے. یہ ایسے ہے جیسے کتے کو احتراما کوئی بکری کہنے لگے. تو وہ نام رکھنے سے اپنی کمزور و حقیر جنس سے بدل نہیں سکتے یا کتا بکری کہنے سے اپنے کتے والے اوصاف سے بری نہیں ہو سکتا۔

اسی طرح لفظ " روح " قرآن پاک, انجیل, وحی کے لیے ہے اس کو ایسے بد عقیدہ شخص کے لیے نام رکھ کر استعمال کرنا بعید از عقل ہے

(لفظ " روح کی لغوی تفصیل مزید دیکھنے کے لیے "لغات القرآن , جلد 3 ص 113" کا مطالعہ فرمائیں)

الموسوی

حضرت سید ناموسی علیہ السلام اللہ تعالی کے برگزیدہ پیغمبر حضرت موسی علیہ السلام کا نام اور " موسی " حضرت جعفر صادق علیہ الرحمہ کے بیٹے حضرت موسی کاظم علیہ الرحمہ کا نام مشہور ہے. یہ دونوں نام ہمارے قابل قدر و صد تکریم ہیں. " موسیٰ " کا معنی پانی سے نکالا ہوا. حضرت موسی علیہ السلام کو دریا میں سے نکالا گیا تھا. صاحب رحمۃ اللعلمین صل اللہ

علیہ وسلم نے "موسی" کا معنی "قوم کو برگزیدہ بنانے والا کیا ہے. لیکن یہ مقدس نام جب "خمینی" جیسے ملعون شخص کے لیے استعمال ہو گا تو پھر صرف معنی نہیں مفہوم ہر غور ہو گا. حقیقت تو یہ ہے کہ "خمینی" نے ایران قوم کو برگزیدہ کیا بنایا تھا الٹا برگزیدہ ہستیوں (صحابہ کرام علیہم الرضوان) کو گالیاں نکلوا کر بے کار اور کفر کا بریدہ بنا دیا ہے

""" { " بندر خمینی " } """

شاید اس عنوان پر غصہ اور زیادہ آجائے... نابابا... نا... ذرا حوصلہ یہ خمینی کو گالی نہیں دے رہا نہ اس کو بندر کہہ رہا ہوں بلکہ یہ عنوان ہے "بندر خمینی" اور یہ عنوان بھی میرا لکھا ہوا یا لگایا ہوا نہیں بلکہ یہ ایران میں ایک "بندرگاہ" کا نام ہے. جس کا تذکرہ "اسلامی انسائکلو پیڈیا , ص 125" نامی ایک کتاب میں اس طرح ہے. وہاں بھی اسی طرح لکھا ہو گا باعتبار فارسی زبان کے. لیکن شیعہ کو چاہئے کہ اس پر نظر ثانی کر لیں اور لفظ تبدیل کر لیں "یا کم از بندرگاہ" پورا لفظ لکھیں ورنہ ہم پاکستانی مسلمان تو اسکو ایسے ہی پڑھیں گے جیسے "بندر خمینی" لکھا ہے اور ایسا ہی سمجھیں گے. جیسے "بندر خمینی" کے عقیدے اور کرتوت تھے۔

: خمینی" کے جانشین علی خامنہ ای کا معنی "

3 جون کو "خمینی" کے مرنے کے بعد "علی خامنہ ای" اس کے جانشین کی حیثیت سے منظر پر آیا. 1989ء اس کا نام "علی خامنہ ای" ہے. "علی" مصدر, علواً سے بمعنی "سرکشی, غرور, ظلم وزیادتی" کے.

(المعجم القرآن , ص 316)

چنانچہ یہ والا "علی خامنہ ای" اپنے عقیدہ و کردار کے اعتبار سے اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے "سرکشی، غرور، اور ظلم کرنے والا شخص ہے۔ اور "خامنہ ای" کا معنی "الخامن:" گمنام، غیر مشہور" کو کہتے ہیں۔ "خمینی" کے مرنے تک تقریباً گمنام و غیرہ مشہور رہا ...

(طالب دعا: ایڈمن دفاع سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ)

لفظ " معاویہ " پر اعتراضات کرنے والوں کے لیے لفظ " شیعہ " اور لفظ " رافضی " پر عمدہ تحقیق

قسط: 58 حصہ شازدہم (۱۶)

" شیعہ " مذہب کا نام ہے اور اس کا نام معنی ہے " گروہ, فرقہ, جماعت, ٹولہ "

الشیعی " شیعہ کا واحد ہے, سنی کا مقابل . . . " الشیوعیّة " کمیونزم ایک فکری مذہب . " الشیعة " گروہ فرقہ " .

(قاموس الوحید , ص 904)

اس کا معنی کو " شیعہ " اپنی تفسیر میں بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں

والشیعاہ الفرق و کل فرقة شیعة علی عدده سموا بذا لک لان بعضھم یشیّع علی مذھبہ " "

(تفسیر مجمع البیان , جلد 4 ص 304)

یعنی شیعہ فرقوں کو کہتے ہیں اور ہر شیعہ مستقل ایک فرقہ ہے اور ہر فرقہ کا نام " شیعہ " اس لئے رکھا گیا ہے کیونکہ بعض لوگ بعض کے مسئلہ میں تابعداری کرتے ہیں۔

تفسیر قمی میں یہاں تک اعتراف موجود ہے کہ " شیعہ " وہ ہے جو دین میں اختلاف کرے اور ایک دوسرے پر طعن کرے .

(تفسیر قمی , جلد 1 ص 204)

: ان کی اپنی خود کتاب میں ہے کہ حضور صل اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا

"ھم شیعتک فسلم ولدک ان یقتلوھم" یعنی اے علی رضی اللہ عنہ اپنے شیعوں سی اپنی اولاد کو بچایہ تیری اولاد کو قتل کر دینگے.

(کتاب روضہ , جلد 8 ص 260)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان بھی شیعہ نے خود اپنی کتاب میں لکھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ اگر میں اپنے شیعوں کو الگ کروں تو یہ منافق ہیں. اور اگر ان کا امتحان لوں تو سب کو مرتد پاؤں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان بھی ہے کہ میں نے تمہیں نصیحت کی لیکن تم نافرمان گدھوں کی طرح بھاگنے لگے

. (احتجاج طبرسی , جلد 1 ص 254)

قرآن مجید میں لفظ "شیعہ" کی تحقیق اور کیا ابراھیم علیہ السلام شیعہ تھے؟؟؟

1۔روافض قران سے دلیل دیتے ھیں کہ حضرت ابراھیم علیہ السلام شیعہ تھے

وإن من شیعته لإبراهیم

اور اس (نوح علیہ السلام) کی تابعداری کرنے والوں میں سے (ھی) ابراھیم (علیہ السلام) (بھی) تھے [الصافات 83:]

لیکن ان کو کیا پتہ کہ قران میں تو حضرت ابرھیم علیہ السلام کے لیے حنیفا لفظ بھی ھے تو کیا اس کا یہ مطلب لیا جائے گا کہ وہ حنفی تھے؟

2۔وقالوا كونوا هودا أو نصارى تهتدوا قل بل ملة إبراهيم حنيفا وما كان من المشركين

اورزاهل کتاب نے کہا: یہود و نصاری بن جاؤ تو ھدایت پا جاؤ گے۔ آپ فرمائیے بلکہ صحیح راہ پر ملت ابراھیمی والے ھیں، اور ابراھیم خالص اللہ کے پرستار تھے اور مشرک نہ تھے۔

[البقرة 135 :]

اور جس اصول کے تحت انہوں نے ابراھیم علیہ السلام کو شیعہ ظاھر کیا ھے تو پھر قرآن میں ان ایات کے بارے میں کیا خیال ھے

3-إن الذين فرقوا دينهم وكانوا شيعا لست منهم في شيء إنما أمرهم إلى الله ثم ينبئهم بما كانوا يفعلون

بیشک جن لوگوں نے اپنے دین کو جدا جدا کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں بس ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ھے پھر ان کو ان کا کیا ھوا جتلا دیں گے۔

[الأنعام 159 :]

یہاں پر تو یہ ظاھر ھو رھا ھے کہ شیعوں نے دین کو فرقہ پرستی کی وجہ سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور نبی کریم ﷺ کا ان سے کوئی تعلق نہیں۔

مفہوم ترجمہ سے صاف ظاہر ہے کہ دین میں تفرقہ ڈالنے والے "شیعہ" کہا گیا ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کو "شیعہ" سے لاتعلق رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ خود "شیعہ" قرآن پاک میں مذکورہ آیت میں لفظ "شیعہ" کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ "انهم الكفار والمشركين" کہ یہاں لفظ "شیعہ" سے کافر اور مشرک مراد ہیں۔"
انهم اليهود والنصارىٰ" کہ "شیعہ" سے یہود اور نصاریٰ مراد ہیں۔

(تفسير مجمع البيان , جلد 2 ص 389)

(منهج الصادقين , جلد 3 ص 475)

توپھر یہ مان لو گے کہ فرعون نے شیعوں کو بنایا تھا لیجئے:

4۔ [إن فرعون علا في الأرض وجعل أهلها شيعا يستضعف طائفة منهم يذبح أبناءهم ويستحيي نساءهم إنه كان من المفسدين]

یقینا فرعون نے زمین میں سرکشی کر رکھی تھی اور وہاں کے لوگوں کو گروہ گروہ بنا رکھا تھا اور ان کے لڑکوں کو تو ذبح کر ڈالتا تھا اور ان کی لڑکیوں کو چھوڑ دیتا تھا بیشک وہ تھا ہی مفسدوں میں سے۔ [القصص 4:]

کیا خیال ہے اگر کوئی یہ کہہ دے کہ شیعہ سنی لڑائی موسی علیہ السلام کے زمانے میں شروع ہوئی تھی

5۔ودخل المدينة على حين غفلة من أهلها فوجد فيها رجلين يقتتلان هذا من شيعته وهذا من عدوه فاستغاثه الذي من شيعته على الذي من عدوه فوكزه موسى فقضى عليه قال هذا من عمل الشيطان إنه عدو مضل مبين

اور موسی (علیہ السلام) ایک ایسے وقت شہر میں آئے جبکہ شہر کے لوگ غفلت میں تھے یہاں دو شخصوں کو لڑتے ہوئے پایا، یہ ایک تو اس کے رفیق میں سے تھا اور دوسرا اس کے دشمنوں میں سے اس کی قوم والے نے اس کے خلاف جو اس کے دشمنوں میں سے تھا اس سے فریاد کی، جس پر موسی (علیہ السلام) نے اس کو مکا مارا جس سے وہ مر گیا موسی (علیہ السلام) کہنے لگے یہ تو شیطانی کام ہے یقینا شیطان دشمن اور کھلے طور پر بھکانے والا ہے۔

[القصص 15:]

ایک موسی علیہ السلام کا "شیعہ" تھا اور دوسرا موسی علیہ السلام کا دشمن تھا. لہذا موسی علیہ السلام نبی کو ماننے والے کو" شیعہ" کہا گیا ہے. جب کہ خود شیعہ مفسر لکھتا ہے :

" آں یکے از پیروان موسی علیہ السلام بود, از بنی اسرائیل, نام او سامری بود "

یعنی وہ اسرائیل میں سے تھا اور اس کا نام سامری تھا. اس سے معلوم ہوا کہ وہ حضرت موسی علیہ السلام کا متبع مذہب نہیں تھا بلکہ حضرت موسی علیہ السلام کی قوم میں سے تھا. اور سامری کے متعلق سب جانتے ہیں کہ وہ کیا تھا اور کون تھا؟ جس نے حضرت موسی علیہ السلام کے کوہ طور پر جانے کے بعد بچھڑا ابنا کر قوم کو اس کی عبادت پر لگایا اور اس کے متعلق بعد میں حضرت موسی علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ "انک لغوی مبین" بے شک تو گمراہ آدمی ہے

بلکہ تمہارے اس خود ساختہ اصول کے تحت تو ہم شیعیت کو اللہ کا عذاب ثابت کر سکتے ہیں لیجئے۔

قل هو القادر على أن يبعث عليكم عذابا من فوقكم أو من تحت أرجلكم أو يلبسكم شيعا ويذيق بعضكم بأس بعض انظر كيف نصرف الآيات لعلهم يفقهون

آپ فرما دیجئے! کہ اس پر بھی وہی قادر ہے کہ تم پر کوئی عذاب تمہارے لئے بھیج دے یا تو تمہارے پاؤں تلے سے یا کہ تم کو گروہ گروہ کر کے سب کو بھڑا دے اور تمہارے ایک کو دوسرے کی لڑائی چکھا دے آپ دیکھئے تو سہی ہم کس طرح دلائل مختلف پہلوؤں سے بیان کرتے ہیں۔ شاید وہ سمجھ جائیں۔

[الأنعام 65:]

اگر لفظ "شیعہ" سے شیعہ فرقہ مراد ہے تو ان کے عذابِ الٰہی میں گرفتار ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں

اس آیت کے متعلق شیعہ مفسر "عمار علی" نے لکھا ہے کہ اس آیت میں لفظ "شیعہ" شریر, فسادیوں اور فتنہ بازوں پر بولا گیا ہے۔ (عمدة البيان, جلد 1 ص 353)

7۔ [ولقد ارسلنا من قبلك فى شيع الاولين]

اور اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم! ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے زمانے کے شیعوں کے پاس بھی رسول بھیجے۔ جو رسول بھی ان کے پاس گئے وہ ٹھٹھہ (مزاح) کرتے تھے۔ (پارہ 14 آیت 10)

اگر لفظ "شیعہ" سے مراد "شیعہ "فرقہ ہے تو پھر اس آیت سے معلوم ہوا کہ رسولوں کے ساتھ مذاق کرنے والے "شیعہ " تھے۔ اس آیت کی تفسیر میں شیعہ "مفسر عمار علی" نے اپنی تفسیر عمدۃ البیان , جلد 2 ص 174 پر لکھا ہے کہ

یہاں "شیعہ" سے مراد وہ کافر ہیں جو رسولوں کے ساتھ ٹھٹھہ ,مذاق کرتے تھے

8۔[ثم لننزعن من كل شيعة ايهم اشد على الرحمن عتيا]

پھر ہم شیعہ کو جو کہ رحمن کا سرکش اور نافرمان تھا جہنم میں الگ کر کے ڈالیں گے۔ (پارہ 16 آیت 69)

ان مذکورہ تمام آیات میں لفظ "شیعہ" کافروں ,مشرکوں ,یہود و نصاری اور سرکش اور رسولوں سے مزاق کرنے والوں اور جہنمیوں کے لیے استعمال ہوا ہے مذہب تشیع کی بنیاد یہود نے رکھی،

شیعہ مورخین کا اعتراف

عبد اللہ بن سبا ایک یہودی آدمی تھا۔ عہد عثمانی میں اسلام لایا اور کتب سابقہ اور مصاحف گزشتہ سے خوف واقف تھا۔ جب مسلمان ہوا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت اس کو اچھی نہ لگی چنانچہ وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ محافل میں بیٹھتا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلافت جتنا کچھ قبیح افعال کا ذکر کر سکتا کرتا رہتا تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو یہ خبر ملی تو کہا الٰہی یہ یہودی کون ہے؟ چنانچہ حکم دیا کہ اسے مدینہ شریف سے نکال دیا جائے۔

عبد اللہ بن سبا مصر آپہنچا چونکہ عالم و دانا آدمی تھا۔ اس لئے لوگ اس کے گرد جمع ہونے شروع ہوئے اور اس کی باتیں قبول کرنے لگے۔ تب اس نے کہا! اے لوگو! تم نے سنا نہیں کہ عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ عیسٰی علیہ السلام دنیا میں واپس آئیں گے اور ہماری شریعت کے مطابق بھی یہ بات درست ہے۔ اگر عیسٰی واپس آسکتے ہیں تو حضرت محمد ﷺ جو ان سے افضل ہیں، کیوں واپس نہیں آسکتے۔ اللہ تعالیٰ بھی قرآن کریم میں فرماتا ہے (ترجمہ) جس خدا نے تجھے قرآن دیا وہ تجھے لوٹنے کے وقت پر لوٹائے گا۔

جب یہ بات لوگوں کے دلوں میں راسخ ہو گئی (رجعت کا عقیدہ پختہ ہو گیا) تو اب ابن سبا نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء اس زمین پر بھیجے اور ہر پیغمبر کا ایک وزیر اور خلیفہ ہوا ہے۔ یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ ایک پیغمبر ﷺ دنیا سے جائے جبکہ وہ صاحب شریعت نبی ہو مگر اپنا خلیفہ و نائب لوگوں میں نہ چھوڑ جائے۔ اپنی امت کا معاملہ (مسئلہ خلافت) مہمل چھوڑ جائے۔ لہذا محمد ﷺ کے لئے علی علیہ السلام وصی ہیں اور خلیفہ ہیں۔

جیسا کہ آپ نے علی کو خود فرمایا تو میرے لئے یوں ہے جیسے موسیٰ علیہ السلام کے لئے ہارون علیہ السلام، اسی سے سمجھا جاسکتا ہے کہ علی علیہ السلام ہی محمد ﷺ کے خلیفہ ہیں اور عثمان نے یہ منصب (خلافت) غصب کر کے اپنے اوپر چسپاں کر رکھا ہے۔ عمر نے بھی کسی حق کے بغیر یہ شوریٰ پر ڈال دیا اور عبد الرحمن بن عوف نے نفسانی ہوس سے عثمان کی بیعت کر لی اور علی کا ہاتھ بھی اس نے پکڑ رکھا تھا جب علی نے بیعت کر لی تو اس کا ہاتھ چھوڑ دیا۔

اب جو ہم شریعت محمدی میں ہیں ہم پر واجب آتا ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے سستی نہ کریں جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے (ترجمہ) تم وہ بہترین امت ہو جو لوگوں کے لئے لائی گئی تاکہ انہیں نیکی کا حکم کرے، برائی سے روکے۔

پھر ابن سبا نے لوگوں سے کہا بھی ہم میں یہ طاقت نہیں کہ عثمان کو خلافت سے اتار سکیں۔ البتہ یہ ہم پر ضروری ہے کہ جتنا ہو سکے عثمان کے عمال (گورنروں) کو جو ظلم و ستم روا رکھے ہیں، کمزور کر ڈالیں۔ ان کے قبیح اعمال اہل دنیا پر واضح کریں اور لوگوں کے دل عثمان اور اس کے عمال سے متنفر کر ڈالیں۔ چنانچہ انہوں نے کئی خطوط لکھے اور والی مصر عبد اللہ بن سعد (کے ظلم) کی شکایت کرتے ہوئے جہاں میں ہر طرف ارسال کر دیئے اس طرح انہوں نے لوگوں کو اس بات پر یکدل بنایا کہ وہ مدینہ میں جمع ہو کر عثمان کو امر بالمعروف کریں اور اسے خلافت سے اتار دیں۔

عثمان یہ معاملہ سمجھتے تھے اور مروان بن حکم نے ہر شہر میں جاسوس بھیجے چنانچہ وہ یہ خبر لے کر واپس آئے کہ ہر شہر کے بڑے لوگ عثمان کو اتار دینے میں یک زبان ہیں ناچار عثمان کمزور ہو گئے اور اپنے معاملہ میں عاجز آ گئے، قتل ہو گئے۔

(ناسخ التواریخ تاریخ خلفاء جلد سوم صفحہ 237, 238 طبع جدید مطبوعہ تہران دوران خلافت عثمان بن عفان، مصنفہ مرزا محمد تقی)

معتبر شیعہ مورخ مرزا تقی کی مذکورہ عبارت سے یہ امور ثابت ہو گئے۔ ثابت ہوا کہ

1۔ عبد اللہ بن سبا پکا یہودی تھا جو عہد عثمانی میں اسلام لایا۔ مگر در پردہ یہودی ہی رہا جیسا کہ فرقہ شیعہ کی عبارت نمبر 4 نے اس پر نص کر دی ہے ساتھ ہی یہ بھی واضح ہوا کہ وہ ایک فاضل و دانائے کتب سابقہ شخص تھا۔

2۔ اس نے شیعہ مسلک کی بنیاد یوں ڈالی کہ سب سے اول مسئلہ رجعت پیدا کیا اور لوگوں کو ذہن نشین کرایا جو کہ شیعہ عقائد کی جڑ ہے۔

3۔ مسئلہ رجعت کے ایجاد کے بعد لوگوں کو یہ ذہن نشین کرایا کہ علی رضی اللہ عنہ ہی نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا صحیح خلیفہ اور وصی ہے اور خلفاء ثلاثہ نے یہ حق ان سے غصب کیا۔

4: یہ دو عقیدے ایجاد کرنے کے بعد اس نے چاہا کہ انہیں لوگوں میں عام ترویج دی جائے چنانچہ اس نے مختلف مما لک میں ہر طرف خطوط روانہ کئے اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خلافت سے اتارنے کے لئے سازش کا ایک وسیع جال پھیلا دیا جس میں وہ کامیاب ہوا اور نتیجتاً حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے اور فرقے شیعہ کی بنیاد مضبوط ہو گئی۔

خلاصہ یہ ہوا کہ اہل تشیع فرقے کی بنیاد رکھنے والا بہت بڑا یہودی عالم تھا جو بظاہر اسلام لانے کے باوجود در پردہ یہودی ہی رہا جیسا کہ تاریخ روضۃ الصفاء اور فرق شیعہ جیسی معتبر شیعہ کتب سے اس کی نہایت و قباحت ہو چکی اور آئندہ مزید شواہد آرہے ہیں، اس یہودی عالم نے اسلام کے متعلق اپنی قلبی شقاوت و عداوت کو تسکین دینے کے لئے شیعہ مذہب کی بنیاد رکھی اور اسلام کو پارہ پارہ کرنے کی کوشش کی جس میں وہ کامیاب ہوا اور قتل حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ میں کامیاب ہو کر فساد کا وہ دروازہ کھولا جو آج تک بند نہیں ہو سکا۔

قال عبد اللّٰہ بن سبا لعلی انت الا لہ حقاً فنفاہ علی علیہ السلام الی المدآئن و قیل انہ کان یہودیاً فاسلم و کان فی الیہودیۃ یقول فی یوشع بن نون و فی موسیٰ مثل ما قال فی علی علیہ السلام و قیل انہ اول من اظہر القول بوجوب امامۃ علی

(انوار نعمانیہ مصنفہ نعمت اللہ جزائری ص 197، طبع قدیم مطبوعہ ایران طبع جدید جلد 2، ص 234، فرقہ سبائیہ)

ترجمہ: عبد اللہ بن سبا نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں ''الہ'' ہونے کا عقیدہ ایجاد کیا۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسے جلاوطن کر دیا اور کہا گیا ہے کہ یہ اصل میں یہودی تھا پھر مسلمان ہو گیا۔ یہودیت کے دوران حضرت یوشع بن نون اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کے بارے میں اسی قسم کی باتیں کیا کرتا تھا جیسی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق کیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ''وجوب امامت'' کا عقیدہ اسی کی اختراع و ایجاد ہے۔

و ذکر بعض اہل العلم ان عبد االلّٰہ بن سبا کان یہودیاً فاسلم و و الی علیاً علیہ السلام و کان یقول و ہو علی یہودیتہ فی یوشع بن نون وصی موسیٰ بالغلو فقال فی اسلامہ بعد وفاۃ رسول االلّٰہ صلی االلّٰہ علیہ و آلہ و سلم فی علی علیہ السلام مثل ذلک و کان اول من اشہر بالقول بفرض امامۃ علی و اظہر البراءۃ من اعدآۂ و کاشف مخالفیہ و کفرہم فمن ہنا قال من خالف الشیعۃ ان اصل التشیع و الرفض ماخوذ من الیہودیۃ

(رجال کشی مصنفہ عمر بن عبدالعزیز الکشی ص 101 تذکرۃ عبداللّٰہ بن سبا مطبوعہ کربلا)

ترجمہ: بعض علماء نے ذکر کیا ہے کہ عبد اللہ بن سبا یہودی تھا پھر مسلمان ہوا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دوستی کی۔ دوران یہودیت حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وصی بطور غلو کہا کرتا تھا۔ اسلام لانے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی اس نے اسی طرح کی بات کہی۔ یہی وہ پہلا شخص ہے جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امامت کے فرض ہونے کا عقیدہ مشہور کیا۔

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مخالفوں سے بیزاری کا اظہار کیا اور انہیں عوام میں مشتہر کیا۔ اسی وجہ سے شیعہ لوگوں کے مخالفین یہ کہتے ہیں کہ شیعیت اور رافضیت کی اصل اور جڑ یہودیت ہے اور یہ مذہب یہودیت سے اخذ کیا گیا ہے۔

عن ابان بن عثمان قال سمعت ابا عبداللّٰہ علیہ السلام یقول لعن اللّٰہ عبداللّٰہ بن سبا انہ ادعی الربوبیتہ فی امیر المومنین علیہ السلام و کان واللّٰہ امیر المومنین علیہ السلام عبداللّٰہ طائعاً الویل لمن کذب علینا وان قوما یقولون فینا مالا نقولہ فی انفسنا نبرا الی اللّٰہ منہم نبرا الی اللّٰہ منہم

(رجال کشی صفحہ 100 مطبوعہ کربلا تذکرۃ عبداللّٰہ بن سبا)

ترجمہ: ابان بن عثمان سے مروی ہے وہ کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر رضی اللہ عنہ سے سنا آپ فرمارہے تھے کہ اللہ تعالیٰ عبد اللہ بن سبا پر لعنت کرے کہ اس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق خدا ہونے کا دعویٰ کیا۔ حالانکہ قسم بخدا حضرت امیر المومنین خدا کے اطاعت گزار بندے تھے۔ ہم پر افترابازی کرنے والے کے لئے ہلاکت ہو۔ تحقیق جو قوم ہمارے متعلق وہ بات کہتی ہے جو ہم خود اپنے لئے کہنا روا نہیں سمجھتے۔ ہم اس سے بری الذمہ ہیں۔ ہم اس سے بری الذمہ ہیں۔

مذکورہ عبارات سے مندرجہ ذیل امور ثابت ہوئے۔

مملکت اسلامیہ میں پھوٹ ڈالنے والا پہلا شخص دور عثمانی میں عبد اللہ بن سبا (منافق) تھا اور یہی آدمی شہادت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا باعث تھا۔

سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے ربوبیت اور فرض امامت کا دعویٰ عبد اللہ بن سبا نے کیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مخالفین پر تبرابازی اور لعن طعن کی ابتدا بھی اسی نے کی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح وہ حضور ﷺ کی رجعت دوبارہ تشریف آوری کا قائل تھا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ ان عقائد باطلہ کی بناء پر ہی عبد اللہ بن سبا کو خارج از اسلام قرار دیتے تھے۔

عبد اللہ بن سبا اصل میں یہودی تھا اور بظاہر اسلام لایا تھا لیکن دل سے پہلے کی طرح دشمن اسلام و مسلمین تھا۔ شہادت سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے اسباب اس کے مہیا کئے ہوئے تھے۔

»»» { رفض کا معنیٰ } «««

شیعہ "مذہب کو" رفض " کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے. اس اعتبار سے لفظ " رفض "کا معنی بھی دیکھ لیں "

رَفضَ "معنی " پھینکنا, چھوڑنا "

(المنجد)

" وارفض الابل "اونٹوں کو چراگاہ میں متفرق چھوڑنا. "اَلرَّافِضَہ "لڑائی میں اپنے پیشوا کو راہنما کو چھوڑ دینے والا گروہ "

لاخیر فی الروافض "وغیرہ "

یہ ساری عبارت, ترجمہ, مفہوم ہمارا نہیں بلکہ لغات کی کتب میں پہلے سے لکھا ہوا موجود ہے

اب ذرا لفظ "معاویہ "کا معنی غلط کرنے والوں سے کہیں نا کہ اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھیں کہ تمہارے تو "مذہب "کا نام بھی وہ ہے جس کو قرآن پاکؑ نے ایک دو بار نہیں بلکہ اکثر کافروں, مشرکوں, بدکاروں, جہنمیوں, یہودیوں کے لیے استعمال کیا ہے. جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس کے مذہب کا نام کافروں کے لیے استعمال ہوا خود ان کے اپنے اندر کتنا کفر ہوگا. خود اپنے اندر کتنا یہودیت و نصرانیت کا اثر ہوگا. خود اپنے اندر کتنی بدکرداری ہوگی؟ ذرا جھانک کر دیکھیں۔

(طالبِ دعا : ایڈمن دفاع سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ).

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

تمام گروپوں میں ایک جیسی پوسٹ سینڈ کی جاتی ہے

ان گروپوں کا مقصد صرف اور صرف "حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ" کی ذات پر کیے گئے اعتراضات کا دفاع کرنا ہے. انشاء اللہ